# Key Fact Statement -1.0
# Bank Alfalah Instant Personal Loan
# کی فیکٹ اسٹیٹمنٹ -1.0
# (بینک الفلاح انسٹنٹ پرسنل لون)

Bank Alfalah
The Way Forward

## A. Your financing need | A. آپ کی سرمایہ کاری کی ضرورت

Name of the Product: Instant Personal Loan
پروڈکٹ کا نام انسٹنٹ پرسنل لون

Finance Amount: ___________________________
سرمائے کی رقم

Tenor of Finance: ___________________________
سرمایہ کاری کی مدت

Mark-up type
مارک اپ کی قسم

Repayment Loan account number: _______________________________________________
قرض کی واپسی کے لیے اکاؤنٹ نمبر

Your Bank Alfalah Instant Personal Loan account numbers should be used to deposit monthly installments if being paid by means other than Direct Debit.
اگر آپ براہ راست ڈیبٹ کے علاوہ کسی اور طریقے سے ادائیگی کر رہے ہوں تو آپ کی بینک الفلاح انسٹنٹ پرسنل لون کی اقساط جمع کرانے کے لیے انہی اکاؤنٹ نمبروں کا استعمال کیا جائے گا۔

If you have opted for repayments through a particular designated account, the same shall be carried out by way of direct debit by the Bank on a monthly basis as per the standing instructions provided by you to the Bank.
اگر آپ نے کسی خاص نامزد اکاؤنٹ کے ذریعے ادائیگی کا انتخاب کیا ہے تو بینک آپ کی فراہم کردہ ہدایات کے مطابق ماہانہ بنیاد پر اس اکاؤنٹ سے براہ راست ڈیبٹ کے ذریعے قسط کی وصولی کرے گا۔

## B. Estimated cost of financing | B. سرمایہ کاری کی متوقع لاگت

What mark-up (fixed/variable) will you be charged? ____% rate per year
آپ سے کیا مارک اپ (فکسڈ/متغیر) وصول کیا جائے گا؟_____فیصد سالانہ شرح

In case of variable rate, if markup increases by 1% the monthly installment will increase by Rs__. Similarly, if markup decrease by 1%, the monthly installment amount will decrease by Rs____.
اگر شرح متغیر ہے تو اور مارک اپ میں ایک فیصد اضافہ ہوتا ہے تو ماہانہ قسط میں روپے_________کا اضافہ ہوگا۔ اسی طرح اگر مارک اپ میں ایک فیصد کمی ہوتی ہے تو ماہانہ قسط میں روپے_________کمی ہوگی۔

What will be the monthly installment payable? Rs. ____________________
آپ کی ماہانہ قسط کتنی ہوگی؟ روپے_______

In case of variable rate pricing, the pricing shall be based on 1 year KIBOR plus a spread of___ %. KIBOR will be taken on the 1st of disbursement month and of the loan anniversary month(s). The installment amount as agreed at the time of contract may vary due to changes in KIBOR rate.
اگر شرح متغیر ہے، تو قیمت کا تعین ایک سالہ KIBOR اور____کے اضافی مارجن کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ KIBOR کی شرح قرض کی رقم کی ادائیگی کے مہینے کی پہلی تاریخ اور ہر سال کی تکمیل پر لی جائے گی۔ معاہدے کے وقت طے شدہ قسط کی رقم KIBOR میں تبدیلی کی وجہ سے مختلف ہوسکتی ہے۔

What total amount will you pay for the financing? Rs. __________________
آپ فنانسنگ کے بدلے میں کل کتنی رقم ادا کریں گے؟ روپے___________

In case of variable rate pricing, total repayment amount as agreed at the time of contract may vary due to change in the KIBOR rate.
اگر شرح متغیر ہو، تو معاہدے کے وقت طے شدہ کل ادائیگی کی رقم KIBOR کی شرح میں تبدیلی کی وجہ سے مختلف ہوسکتی ہے۔

**Note:** calculations are based on the assumption that each installment due date is a working day. There may be minor differences in markup and principal portions of the installments if any due date falls on a weekend or public holiday. In such cases, the installment due date will be the previous working day and markup will be calculated accordingly for actual number of days. The last installment may differ from the one mentioned here, which may also impact the total amount payable. However, in no event will the customer be liable to pay any amount in excess of the agreed pricing and charges as per the Finance Agreement.

**نوٹ:** حسابات اس مفروضے پر مبنی ہیں کہ ہر قسط کی ادائیگی کی تاریخ ایک ورکنگ ڈے (کاروباری دن) ہوگی۔ اگر کسی قسط کی تاریخ ویک اینڈ یا عوامی تعطیل پر آتی ہے، تو مارک اپ اور اصل رقم (پرنسپل) کے حصوں میں معمولی فرق ہوسکتا ہے۔ ایسے معاملات میں قسط کی تاریخ گذشتہ کاروباری دن تصور کی جائے گی اور مارک اپ اصل دنوں کے حساب سے لگایا جائے گا۔ آخری قسط اس قسط سے مختلف ہوسکتی ہے جو یہاں بیان کی گئی ہے، اور اس سے قابلِ ادائیگی کل رقم پر بھی اثر پڑ سکتا ہے۔ تاہم، کسی بھی صورت میں صارف پر فنانس معاہدے میں طے شدہ قیمت اور چارجز سے زائد رقم کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی۔

What other charges will you have to pay?
آپ کو کون سے دیگر چارجز ادا کرنے ہوں گے؟

Processing Fee+Tax/Duties: Rs. ____________________
پروسیسنگ فیس+ٹیکس/ڈیوٹیز: روپے___________

Late Payment Fee: Rs. 1,200 per month
تاخیر سے ادائیگی کی فیس: 1,200 روپے ماہانہ

Installment Cheque Return Charges: Rs. 600/-
قسط کا چیک واپس ہونے پر چارجز: 600 روپے

Early Settlement Fee (Charged on the remaining principal):
قبل از وقت ادائیگی پر فیس (باقی اصل رقم پر وصول کی جائے گی)

| | | |
|---|---|---|
| 1st Year: 10%<br>پہلا سال: 10 فیصد | 2nd Year: 8%<br>دوسرا سال: 8 فیصد | 3rd Year Onward: 5%<br>تیسرا سال اور اس کے بعد: 5 فیصد |

## C. Early Payments / Partial payment Fee | C. قبل از وقت یا جزوی ادائیگی پر فیس

Enhancement Fee +Tax/Duties: Rs. 2,800/-
رقم میں اضافے پر فیس+ٹیکس/ڈیوٹی: 2,800 روپے

Pay Order Reissuance: Rs. 500/-
پے آرڈر کے دوبارہ اجرا کی فیس: 500 روپے

Litigation Charges: At Actual -
قانونی کارروائی کے اخراجات: اصل لاگت کے مطابق

Cheque Collection Charges: Rs. 500/-
چیک وصولی کے چارجز: 500 روپے

Issuance of Duplicate NOC: Rs.1,500/-
ڈپلیکیٹ این او سی (NOC) جاری کرنے کی فیس: 1,500 روپے

These charges are subject to change on a half yearly basis and/or at any other time at the Bank's discretion and will be applicable as per the prevailing Schedule of Charges (amended from time to time), unless stated otherwise. You may collect the latest copy of the Schedule of Charges from the nearest Bank Alfalah Limited branch or view the same at the Bank’s website (www.bankalfalah.com). All applicable taxes/levies and other government charges on all above charges or otherwise will be payable by the applicant/borrower.

یہ چارجز ہر چھ ماہ بعد اور/یا کسی بھی وقت بینک کی صوابدید پر تبدیل کیے جاسکتے ہیں اور ترمیم شدہ شیڈول آف چارجز کے مطابق لاگو ہوں گے جب تک کہ کہیں اور وضاحت نہ دی گئی ہو۔ آپ بینک الفلاح لمیٹڈ کی قریبی برانچ سے تازہ ترین شیڈول آف چارجز کی کاپی حاصل کرسکتے ہیں یا بینک کی ویب سائٹ (www.bankalfalah.com) پر ملاحظہ کرسکتے ہیں۔ تمام قابلِ اطلاق ٹیکسز/محصولات اور دیگر سرکاری چارجز چاہے وہ درج بالا بیان کردہ ہوں یا کسی اور صورت میں درخواست گزار/قرض لینے والے کو ادا کرنے ہوں گے۔

**Can you repay finance before the maturity?**

کیا آپ قرض کی مدت ختم ہونے سے پہلے ادائیگی کرسکتے ہیں؟

Yes. You can opt to make partial payments to reduce your liability or fully settle your Bank Alfalah Personal Loan before loan maturity. However, partial payments are not allowed during the 1st year of the finance facility (a year is equal to 12 installments from the date of disbursal)

جی ہاں، آپ اپنی ذمہ داری کم کرنے کے لیے جزوی ادائیگیاں کرسکتے ہیں یا بینک الفلاح کا پرسنل لون مکمل طور پر ادا کرکے وقت سے پہلے قرض ختم کرسکتے ہیں۔ تاہم، فنانس کی سہولت کے پہلے سال (یعنی رقم جاری ہونے کی تاریخ سے 12 ماہانہ اقساط) کے دوران جزوی ادائیگیاں کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

**How can you repay finance before the maturity?**

آپ قرض کی مدت ختم ہونے سے پہلے ادائیگی کیسے کرسکتے ہیں؟

You may give a 30-day prior written notice to the Bank if you wish to make a partial payment or for early settlement of your facility including settlement via a Balance Transfer Facility (BTF) by other banks. Based on prior written consent of the Bank on your request, you may make the partial payment or pre-pay your loan.

اگر آپ جزوی ادائیگی یا مکمل قبل از وقت ادائیگی (بشمول کسی دوسرے بینک کی بیلنس ٹرانسفر سہولت کے ذریعے) کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو بینک کو کم از کم 30 دن پہلے تحریری اطلاع دینا ہوگی۔ بینک کی پیشگی تحریری منظوری کی بنیاد پر، آپ جزوی ادائیگی یا مکمل قبل از وقت ادائیگی کرسکتے ہیں۔

**What is the maximum amount of partial pre-payment?**

زیادہ سے زیادہ جزوی پیشگی ادائیگی کی حد کیا ہے؟

Each partial payment cannot be more than a total of 6 installments.

ہر جزوی ادائیگی زیادہ سے زیادہ 6 ماہانہ اقساط کے برابر ہوسکتی ہے۔

**How many partial pre payments can be made during the financing term?**

Maximum of 1 partial payment is allowed in a year after the first year (a year is equal to 12 installments from the date of disbursal)

قرض کی مدت کے دوران کتنی جزوی ادائیگیاں قبل از وقت کی جاسکتی ہیں؟ پہلے سال کے بعد، ایک سال میں زیادہ سے زیادہ ایک جزوی ادائیگی کی اجازت ہے۔ (ایک سال کا مطلب ہے رقم کے اجرا کی تاریخ سے 12 ماہانہ اقساط)۔

## D. Default/late payment information:

## D. نادہندگی/تاخیر سے ادائیگی سے متعلق معلومات-

- What will be the payment due date?
  The payment due date will be the 5th of every month.

  ادائیگی کی آخری تاریخ کیا ہوگی؟
  ادائیگی کی آخری تاریخ ہر ماہ کی 5 تاریخ ہوگی۔

- Bank Alfalah Limited will send three reminder letters for payments due but not received

  بینک الفلاح لمیٹڈ بقایاجات کی عدم ادائیگی کی صورت میں تین یاد دہانی خطوط بھیجے گا۔

- In case of continuous default, the Bank may initiate legal proceedings against you in a court of competent jurisdiction at your own risk and cost

  مسلسل نادہندگی کی صورت میں بینک آپ کے خلاف متعلقہ عدالت میں قانونی کارروائی شروع کرسکتا ہے، جس کے تمام اخراجات اور خطرات آپ کو برداشت کرنا ہوں گے۔

- Late payments and defaults may negatively affect your credit worthiness and your ability to obtain financing from financial institutions

  تاخیر سے ادائیگیاں اور نادہندگی آپ کی مالی ساکھ (کریڈٹ ورتھینیس) مستقبل میں مالی اداروں سے قرض حاصل کرنے کی صلاحیت کو منفی طور پر متاثر کرسکتی ہیں۔

- What penalty will you be charged for not repaying on due date?
  A late payment fee of Rs. 1,200 per month per installment will be levied

  ادائیگی مقررہ تاریخ پر نہ کرنے کی صورت میں آپ پر کیا جرمانہ لاگو ہوگا؟
  ہر قسط پر تاخیر سے ادائیگی کی صورت میں 1,200 روپے ماہانہ جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

- Can the Bank exercise right of set-off?
  In case of default, Bank Alfalah Limited may set-off and/or apply any moneys available in your accounts maintained with the Bank for payment of your outstanding liability

  کیا بینک سیٹ آف کا حق استعمال کرسکتا ہے؟
  اگر آپ ڈیفالٹ کرتے ہیں تو بینک الفلاح لمیٹڈ آپ کے بینک میں رکھے گئے اکاؤنٹس میں موجود رقوم کو آپ کی باقی واجب الادا رقم کی ادائیگی کے لیے منہا یا استعمال کرسکتا ہے۔

## E. Other Material Information:

## E. دیگر اہم معلومات

How will a payment exceeding the monthly installment amount be treated?

ماہانہ قسط سے زائد رقم کی ادائیگی کی صورت میں اس کا کیا طریقہ کار ہوگا؟

Any excess amount over and above the monthly installment amount will be adjusted against late payment/cheque bounce charges, if any, or against next month's installment when it becomes due. A credit balance, regardless of the amount, will NOT be considered as a partial payment or an early settlement deposit unless you intimate the Bank of such a deposit with instructions to process it as partial payment/early settlement.

اگر آپ ماہانہ قسط سے زائد رقم ادا کرتے ہیں، تو یہ اضافی رقم سب سے پہلے کسی تاخیر سے ادائیگی یا چیک باؤنس چارجز (اگر کوئی ہوں) میں ایڈجسٹ کی جائے گی۔ اس کے بعد یہ رقم آئندہ ماہ کی قسط میں ایڈجسٹ کی جائے گی جب وہ واجب الادا ہوگی۔ کسی بھی مقدار میں موجود کریڈٹ بیلنس کو جزوی ادائیگی یا قبل از وقت ادائیگی تصور نہیں کیا جائے گا، جب تک کہ آپ بینک کو باقاعدہ اطلاع دے کر یہ واضح ہدایات نہ دیں کہ اس رقم کو جزوی یا مکمل قبل از وقت ادائیگی کے طور پر ایڈجسٹ کیا جائے۔

What happens in case of death of borrower(s)?

اگر قرض لینے والے کا انتقال ہو جائے تو کیا طریقہ کار ہوگا؟

No credit cover available

اس سہولت میں کوئی کریڈٹ کور دستیاب نہیں ہے۔

What are the guarantor’s obligations?

ضامن کی کیا ذمہ داریاں ہوں گی؟

N/A

قابل اطلاق نہیں

What documents will be provided to you?

1. Product Key Fact Statement
2. Repayment Schedule
3. Disbursement Letter
4. Delivery Acceptance Form.

آپ کو کون سے دستاویزات فراہم کیے جائیں گے؟

1 پروڈکٹ کی کلیدی معلومات کا بیان
2 ادائیگی کا شیڈول
3 رقم جاری کرنے کا خط
4 ڈیلیوری کی منظوری کا فارم

Where can you get assistance and redress?

مدد اور شکایت کے ازالے کے لیے آپ کہاں رابطہ کرسکتے ہیں؟

Call Centre 021-111-225-111 Website: bankalfalah.com

کال سینٹر: 021-111-225-111 ویب سائٹ: bankalfalah.com

By digitally signing this document, I acknowledge that I have read carefully and understood fully the contents stated herein.

میں اس دستاویز پر ڈیجیٹل دستخط کرکے تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میں نے اس میں دی گئی تمام معلومات بغور پڑھ لی ہیں اور انہیں مکمل طور پر سمجھ لیا ہے۔

I/We hereby confirm that facility arrangement including terms and conditions as stated above are accepted by me/us. I / We hereby also acknowledge the receipt of this Product Key Fact Statement and as a token of receipt.

میں/ہم اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ مذکورہ بالا شرائط و ضوابط سمیت فنانس سہولت کے انتظام کو قبول کرتے ہیں۔ میں/ہم یہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ مجھے ہمیں اس کی فیکٹ اسٹیٹمنٹ موصول ہوچکا ہے اور اس کی وصولی کے طور پر اس پر دستخط کر رہے ہیں۔

**How can you get assistance or make a complaint?**
**مدد حاصل کرنے یا شکایت درج کروانے کا طریقہ:**

**Contact Information:**
**رابطہ کی معلومات:**

Bank Alfalah Limited, Complaint Management Unit, Bank Alfalah Ltd. 6th Floor, State Life (SLICO) Building, I.I Chundrigar Road, Karachi.
بینک الفلاح لمیٹڈ، کمپلینٹ مینجمنٹ یونٹ، بینک الفلاح لمیٹڈ، چھٹی منزل، اسٹیٹ لائف (SLICO) بلڈنگ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی۔

Helpline: 021-111-225-111
ہیلپ لائن: 021-111-225-111

Email: CMU@bankalfalah.com
ای میل: CMU@bankalfalah.com

Website: https://www.bankalfalah.com/contact-us
ویب سائٹ: https://www.bankalfalah.com/contact-us

Sunwai can be accessed at https://sunwai.sbp.org.pk/
سنوائی تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے: https://sunwai.sbp.org.pk

**In case of non-payment, overdue or late payment, what will happen to your e-CIB reporting?**
**ادائیگی نہ ہونے، بقایا رقم یا تاخیر سے ادائیگی کی صورت میں آپ کی ای-سی آئی بی رپورٹ پر کیا اثر پڑے گا؟**

In case of non-payment, overdue, written off loan or late payment, the eCIB report will reflect negative credit history, which may adversely affect borrower's creditworthiness for future.
ادائیگی نہ ہونے، بقایا، منسوخ شدہ قرض یا تاخیر سے ادائیگی کی صورت میں ای-سی آئی بی رپورٹ منفی کریڈٹ ہسٹری ظاہر کرے گی، جو مستقبل میں قرض لینے والے کی ساکھ پر منفی اثر ڈال سکتی ہے۔

Borrower's Name ______________________________
قرض لینے والے کا نام

CNIC No. ______________________________
شناختی کارڈ نمبر:

Date: ______________________________
تاریخ: